Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اظہارِ مذمت

پاکستان تحریک انصاف کی شانگلہ میں پانچ چینی باشندوں سمیت 6افراد کی ہلاکتوں کی شدید مذمت، واقعے کی جامع تحقیقات، ذمہ داروں کے تعیّن اوران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ، دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ اور غیر ملکی باشندوں کی سلامتی کولاحق خطرات نہایت تشویشناک ہیں،

ریاستی مشینری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ترجیحات میں نمایاں بگاڑ کا فائدہ شرانگیزاٹھارہے ہیں،

ملک دشمن قوّتیں ہر طرف سے پاکستان پر حملہ آور ہیں جبکہ عوامی مینڈیٹ سے محروم سرکاراس کے مؤثرتدارک میں ناکام ہوتی دکھائی دے رہی ہے،

ریاست اپنی ترجیحات درست کرے اور کڑی محنت اور بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کئے گئے امن کے ساتھ داخلی سلامتی کا تحفّظ یقینی بنائے،

جاں بحق غیر ملکی مہمانوں کے اہلِ خانہ اور چینی حکومت سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیاڈیپارٹمنٹ